ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (199)

07.04.24

بہاولپور (   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے ۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی ۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے ،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی ۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور:۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں